# بہاول پور بورڈ 2024ء

## معروضی طرز

| Principles of Economics | L.K.No. 1556 | Paper Code No. 6541 | پرنسپلز آف اکنامکس (کامرس گروپ) |
|---|---|---|---|

Paper : I (Objective) — (1st A. Exam. 2024) — پرچہ: I
Time : 20 Minutes — Inter (Part - I) — وقت: 20 منٹ
Marks : 15 — Session (2022 - 24) & (2023 - 25) — نمبرات: 15

**نوٹ:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C، D دیے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں معروضی جوابی کاپی / ببل شیٹ پر اُس سوال نمبر کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو قلم کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

**Note:** Four choices A, B, C, D to each question are given. Which choice is correct, fill that circle in front of that question number on the objective Bubble Sheet. Use marker or pen to fill the circles. Cutting or filling two or more circles will result in zero mark in that question.

**سوال 1:**

1- **The welfare Economist is:** فلاحی ماہر معاشیات ہے:
(A) Robbins رابنز (B) Marshall مارشل (C) Adam Smith ایڈم سمتھ (D) Keynes کینز

2- **When total Utility declines , the marginal Utility is:** جب کل افادہ گرتا ہے تو مختتم افادہ ہوتا ہے:
(A) Negative منفی (B) Positive مثبت (C) Maximum زیادہ سے زیادہ (D) Zero صفر

3- قانون رسد کے مطابق شے کی قیمت اور رسد میں تعلق ہوتا ہے:
**According to Law of Supply , there is relation in Price and Supply:**
(A) Increases معکوس (B) Increasing تکثیری (C) Negative منفی تعلق (D) Indirect بالواسطہ

4- **At equilibrium Price , demand and Supply:** متوازن قیمت پر طلب اور رسد:
(A) Increases بڑھ جاتی ہیں (B) Become Equal برابر ہو جاتی ہیں
(C) Decreases کم ہو جاتی ہیں (D) Are Different مختلف ہوتی ہیں

5- **When average Product Increasing , Marginal Product:** جب اوسط پیداوار بڑھتی ہے تو مختتم پیداوار:
(A) Decrease گر جاتی ہے (B) Is Zero صفر ہو جاتی ہے
(C) Is Negative منفی ہو جاتی ہے (D) Also Increases بھی بڑھ جاتی ہے

6- **Average revenue is equal to:** اوسط وصولی برابر ہوتی ہے:
(A) Price قیمت (B) MR مختتم وصولی (C) MC مختتم مصارف (D) AC اوسط مصارف

7- مکمل مقابلے کے تحت شے کی قیمت طے ہوتی ہے:
**Under Perfect Competition the Price of Commodity is determined by:**
(A) Government حکومت سے (B) Consumer صارف سے
(C) Equilibrium of Demand and Supply طلب اور رسد کے توازن سے
(D) Finance Minister وزیر خزانہ سے

8- **The reward of organization is called:** تنظیم کا معاوضہ کہلاتا ہے:
(A) Rent لگان (B) Profit منافع (C) Wages اُجرت (D) Interest سود

9- **The Gross National Product includes:** خام قومی پیداوار میں شامل ہوتی ہے:
(A) Domestic Production اندرونِ ملک پیداوار (B) Foreign Production بیرونِ ملک پیداوار
(C) Agricultural Production صرف زرعی پیداوار
(D) Domestic & Foreign Production اندرون اور بیرون ملک پیداوار

CamScanner

| | |
|---|---|
| The amount of money for wear and tear is called: | 10- اشیاء کی شکست و ریخت کے اخراجات کہلاتے ہیں: |
| Total Expenditures کل اخراجات (B) | Depreciation Expenditures فرسودگی کے اخراجات (A) |
| Fixed Expenditures معینہ اخراجات (D) | Marginal Expenditures مختتم اخراجات (C) |
| The formula of quantity theory of money was presented by: | 11- نظریہ مقدار زر کا فارمولا پیش کیا: |
| Pigou پیگو نے (D) Malthus مالتھس نے (C) | Lord Keynes لارڈ کینز (B) Fisher فشر نے (A) |
| The difficulty in Barter System was: | 12- بارٹر سسٹم میں مشکل تھی: |
| No Double Coincidence دوطرفہ عدم مطابقت (B) | Availability of goods اشیاء کی فراہمی (A) |
| Supply of Commodities اشیاء کی رسد (D) | Difference of Language زبان کا فرق (C) |
| The rise and fall in economic activities is called: | 13- معاشی سرگرمیوں میں اُتار چڑھاؤ کو کہا جاتا ہے: |
| Trade Cycle تجارتی چکر (B) | International recession عالمی بحران (A) |
| International Trade بین الاقوامی تجارت (D) | National Income قومی آمدنی (C) |
| The Value and Volume of goods and services sent to other countries is called: | 14- دوسرے ممالک کو بھیجی جانے والی اشیاء و خدمات کی قدر اور حجم کو کیا کہا جاتا ہے؟ |
| Exports برآمدات (B) | Imports درآمدات (A) |
| Foreign Aid بیرونی امداد (D) | Foreign Remittances غیر ملکی ترسیلات (C) |
| The meaning of Zakat is: | 15- زکوٰۃ کا مطلب ہے: |
| Purification پاکیزگی (B) | Growth نشوونما (A) |
| Growth and Purification نشوونما اور پاکیزگی (D) | Tax ٹیکس (C) |

جوابات:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| B -8 | C -7 | A -6 | D -5 | D -4 | B -3 | A -2 | B -1 |
| | C -15 | B -14 | B -13 | B -12 | A -11 | A -10 | A -9 |

## انشائی طرز

| | | |
|---|---|---|
| Inter (Part-I) | 1556 – 2000 | رول نمبر |
| Principles of Economics (Subjective) | 1st. Exam. 2024<br>Inter (Part - I) | پرنسپلز آف اکنامکس |
| کل نمبر: 60 | سیشن (2022-2024) & (2023-2025) | وقت: 2:10 گھنٹے |

﴿ہدایات﴾ حصہ اول یعنی سوال نمبر 2، سوال نمبر 3 اور سوال نمبر 4 میں سے کوئی سے (6 – 6) اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کرنا لازمی ہے۔ جب کہ حصہ دوم میں سے کوئی سے تین سوالات حل کیجیے۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کریں جو کہ سوالیہ پرچہ پر درج ہے۔

**Note:** It is compulsory to attempt any (6 - 6) parts each from Q.No.2, 3 and 4 while attempt any (03) questions from Part II. Write same Question Number and its Part number as given in the question paper.

36 = 2 × 18 **(Part I حصہ اوّل)** Make Diagram Where necessary. جہاں ضروری ہو ڈائیگرام بنائیں۔

**سوال 2:**

(i) **Define Economics according to Prof. Adam Smith.** ایڈم سمتھ کے مطابق معاشیات کی تعریف بیان کیجیے۔

جواب: آدم سمتھ کے خیالات کے مطابق معاشیات کی تعریف اس طرح بیان کی جاسکتی ہے:

''معاشیات ایک ایسا علم ہے جو پیدائش دولت، صرف دولت، تقسیم دولت اور تبادلہ دولت پر بحث کرتا ہے۔''

According to Adam Smith economics can be defined as follows "Economics is a science which discusses the production of wealth, consumption of wealth, distribution of wealth and exchange of wealth".

(ii) پروفیسر رابنز کی تعریف کی چار خوبیاں بیان کریں۔

**Write merits of Prof. Robbins definition of Economics.**

جواب: 1- انسانی خواہشات لامحدود ہوتی ہیں۔ 2- ان خواہشات میں سے کچھ زیادہ اہم اور کچھ کم اہم ہوتی ہیں۔
3- ذرائع محدود ہوتے ہیں۔ 4- ذرائع متبادل استعمال رکھتے ہیں۔

1. Human desires are unlimited 2. Some of these are more important and some less important
3. Sources are limited 4. Sources have alternative uses

(iii) معاشیات کی اہمیت اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔ **State Importance of Economics in your own words.**

جواب: معاشیات ایک ایسا علم ہے جس میں انسان کے اس طرزِ عمل کا مطالعہ کیا جاتا ہے جو وہ لامحدود خواہشات کو محدود ذرائع سے پورا کرتے وقت اختیار کرتا ہے۔

Economics is a science that studies human behaviour what he adopts while fulfilling unlimited desires with limited means.

(iv) طلب کا مفہوم بیان کریں۔ **Describe the meaning of Demand.**

جواب: طلب سے مراد کسی شے کے لیے ایسی خواہش ہے جسے پورا کرنے کے لیے صارف کے پاس قوت خرید بھی موجود ہو۔

Demand refers to a desire for a commodity that the consumer has the purchasing power to satisfy.

(v) طلب میں تبدیلی کی چار خصوصیات لکھیں۔ **Write four causes of change in demand.**

جواب: 1- قیمت میں تبدیلی 2- آمدنی میں تبدیلی 3- فیشن میں تبدیلی 4- موسم میں تبدیلی

1. Change in price 2. Change in Income 3. Change in fashion 4. Change in weather

(vi) خطِ رسد کا جھکاؤ مثبت کیوں ہوتا ہے؟ **Why is slope of supply curve positive?**

:اب: خطِ رسد کے کا جھکاؤ مثبت ہونے کی وجوہات میں منافع میں اضافہ، مصارف پیدائش میں اضافہ اور قیمت گرنے کا خطرہ شامل ہے۔

Reasons for the slope of the supply curve to be positive include increasing profits, increasing production costs, and risks of falling prices.

(vii) توازنی مقدار کا مفہوم بیان کریں۔ **State meaning of equilibrium quantity.**

جواب: توازنی مقدار وہ مقدار ہوتی ہے جب منڈی میں کسی شے کی کمی یا زیادتی نہ ہو۔

Equilibirum quantity is the quantity when there is no shortage or surplus of a prod .ct in the market.

(viii) قانون تقلیل افادہ مختتم کی چار حدود لکھیں۔ **Write four limitations of Law of Diminishing Marginal Utility.**

جواب: 1- مال و دولت 2- علم 3- نمود و نمائش کی اشیاء 4- تاریخی نوادرات

1. Wealth 2. Knowledge 3. Display items 4. Historical artifacts

(ix) قانون مساوی افادہ مختتم کی تعریف بیان کریں۔ **Describe Law of Equi-Marginal Utility.**

جواب: زیادہ سے زیادہ افادہ حاصل کرنے کے لیے ایک صارف کو اپنی محدود رقم مختلف اشیاء پر اس طرح خرچ کرنی چاہیے کہ اسے ہر شے سے یکساں مختتم افادہ حاصل ہو اسے قانون مساوی افادہ مختتم کہتے ہیں۔

To obtain maximum utility, a consumer should spend his limited amount of money on various goods in such a way that he gets the same marginal utility from each good, this law is called law of equi-marginal utility.

**سوال 3:**

(i) قانون تقلیل حاصل کی تعریف کریں۔ **Describe the Law of Decreasing Returns.**

جواب: کسی معین عامل (زمین) پر متغیر عامل کی اکائیاں بڑھانے سے اگر مختتم پیداوار گرنا شروع ہو جائے تو اسے قانون تقلیل حاصل کہتے ہیں۔

If the final product does not start falling, by increasing the units of the variable factor on a given factor (land) then it is called the law of diminishing return.

(ii) مختتم پیداوار سے کیا مراد ہے؟ فارمولا بھی لکھیں۔ **What is meant by Marginal Product? Also write formula.**

جواب: عامل کی ایک زائد اکائی لگانے سے کل پیداوار میں جتنا اضافہ ہوتا ہے اسے مختتم پیداوار کہتے ہیں۔

فارمولا:

$$\text{مختتم پیداوار} = \frac{\text{پیداوار کی مقدار میں تبدیلی}}{\text{فرم کے ان پٹ کے استعمال میں تبدیلی}}$$

The increase in total production by the employing one additional unit of labour is called marginal production.

**Formula:**

$$MP = \frac{\Delta Y}{\Delta X} \Rightarrow MP = \frac{\text{Change in quantity of output product}}{\text{Change in the firm's use of the input}}$$

CamScanner

(iii) اوسط معینہ مصارف سے کیا مراد ہے؟

**What is Average Fixed Cost?**

جواب: اوسط معینہ مصارف کل معینہ مصارف کو کل پیداوار پر تقسیم کرنے سے حاصل ہوتے ہیں بنیادی طور پر اوسط معینہ مصارف پیداوار کی فی اکائی معینہ مصارف ہوتے ہیں۔

Average fixed cost is obtained by dividing total fixed cost by total output. Basically, average fixed cost is per unit of output there are cost.

$$\frac{\text{Total fixed cost کل معینہ مصارف}}{\text{Total production کل پیداوار}} = \text{Average fixed cost اوسط معینہ مصارف}$$

(iv) متبادل مصارف کی وضاحت کریں۔

**Explain Opportunity Cost.**

جواب: متبادل مصارف سے مراد وہ رقم ہے جو کسی عامل پیدائش کو متبادل استعمال سے ہٹا کر کسی مخصوص استعمال کی طرف راغب کرنے کے لیے ادا کرنی ضروری ہو۔

Opportunity costs refer to the amount paid to divert a factor from an exchange use to a specific use necessarily.

(v) اوسط وصولی سے کیا مراد ہے؟ فارمولا لکھیں۔

**What is Average revenue? Also Write is formula.**

جواب: اوسط وصولی سے مراد وہ رقم ہے جو کسی فرم کو اپنی پیداوار کی فروخت سے اوسطاً فی اکائی حاصل ہوتی ہے اسے معلوم کرنے کے لیے کل وصولی کو فروخت کی جانے والی پیداوار کی اکائیوں سے تقسیم کیا جاتا ہے۔

Average revenue refers to the amount that a firm earns from selling the average unit of its output to total revenue divided by units of production sold.

$$\frac{\text{Total revenue کل وصولی}}{\text{Units of production پیداوار کی اکائیاں}} = \text{Average revenue اوسط وصولی}$$

(vi) کیا اجارہ دار فرم ہمیشہ غیر معمولی منافع کماتی ہے؟

**Does a monopolistic firm always earn abnormal profit?**

جواب: اجارہ داری میں آجر کو کسی اور فرم کا مقابلہ نہیں کرنا پڑتا اس لیے عام طور پر تصور کیا جاتا ہے کہ اجارہ دار اپنی شے کی زیادہ سے زیادہ قیمت وصول کر کے غیر معمولی منافع کماتا ہے۔

In a monopoly, the employer does not have competition with another firm, so it is generally assumed that the monopolist can charge the maximum price for its product earns abnormal profit.

(vii) عرصہ طویل سے کیا مراد ہے؟

**What is meant by Long - run?**

جواب: عرصہ طویل سے مراد ایسا وقت لیا جاتا ہے جس میں فرم اپنا سائز یا جسامت تبدیل کر سکے یعنی اس عرصہ میں فرم اپنے معینہ عاملین پیدائش میں بھی تبدیلی کر سکتی ہے دوسرے لفظوں میں تمام عاملین پیدائش متغیر ہوتے ہیں۔

Long run refers to the time in which the firm can change its size or i,e. in this period the firm is also in its defined factor of production can change in other words, all factors of production are variable.

(viii) آجر سے کیا مراد ہے؟

**What is meant by Entrepreneur?**

جواب: آجر سے مراد ایسا فرد ہے جو زمین، محنت اور سرمایہ میں ربط پیدا کرے اور یہ فیصلہ کرے کہ ہر عامل پیدائش کی کس قدر اکائیاں لگائی جائیں اور کونسی اشیاء پیدا کی جائیں۔

Entrepreneur is a person who combines land, labour and capital and decides how many units of every factor of production be employed and which to be produced.

(ix) محنت سے کیا مراد ہے؟

**Define Labour.**

جواب: محنت دوسرا عامل پیدائش ہے۔ محنت سے مراد انسان کی ذہنی یا جسمانی کاوش ہے جو کسی معاوضے کی خاطر کی گئی ہو۔ استاد کا پڑھانا ذہنی محنت ہے جب کہ کسان کا ہل چلانا جسمانی محنت کہلاتا ہے۔

Labour is the second factor of production. Labour refers to the mental or physical effort of a human being which is done for a reward. The teacher's teaching is mental labour whereas the ploughing of the farmer is called physical labour.

**سوال 4:**

(i) انتقالی ادائیگیاں کے تصور کی وضاحت کیجیے۔

**Explain the concept of Transfer Payments.**

جواب: انتقالی ادائیگیاں وہ رقومات ہوتی ہیں جو کسی شخص کو بغیر محنت کیے حاصل ہوتی ہیں مثلاً بے روزگاری الاؤنس، زکوٰۃ، خیرات، پنشن، وظیفہ اور تحائف وغیرہ۔

Transfer payments are the amounts that a person receives without working hard like unemployment allowance, zakat, charity, pension stipend and gifts etc.

(ii) خام قومی پیداوار کی تعریف کیجیے۔

**Define Gross National Product.**

جواب: کسی ملک کے افراد ایک سال کے دوران استعمال کی جتنی بھی اشیاء وخدمات اندرون ملک پیدا کرتے ہیں ان کی بازاری مالیت کو خام ملکی پیداوار کہتے ہیں۔

خام ملکی پیداوار = خام قومی پیداوار − خالص بیرونی آمدنی

All goods and services consumed by the people of a country during the year within the country their

market value is called gross domestic product.
Net National Product = Gross National Product – Net Foreign Income

**Explain the Concept of Barter System.** (iii) براہ راست تبادلہ کے تصور کی وضاحت کیجیے۔

جواب: براہ راست تبادلہ سے مراد ہے ایک چیز کا دوسری چیز کے بدلے میں براہ راست تبادلہ جبکہ اس میں زر کو بطور آلہ مبادلہ استعمال نہ کیا جائے۔

Barter system means direct exchange of one good with another good while money is not used as a medium of exchange.

**Define Paper Money.** (iv) کاغذی زر کی تعریف کیجیے۔

جواب: کاغذی زر سے مراد کاغذ کے بنے ہوئے نوٹ ہوتے ہیں جو حکومت یا مرکزی بنک کی طرف سے جاری کیے جاتے ہیں۔ یہ نوٹ زر قانونی ہوتے ہیں جنہیں عام لین دین میں بطور آلہ مبادلہ قبول کرنا پڑتا ہے۔

Paper money refers to notes made of paper which are issued by the government or the central bank. These notes are legal tender which have to be accepted as instruments of exchange in ordinary transaction.

**What is meant by Depression?** (v) بدحالی سے کیا مراد ہے؟

جواب: تجارتی چکر کے جس دور میں معاشی سرگرمیاں انتہائی سست پڑ جاتی ہیں۔ اشیاء و خدمات پیداوار پست ہو جاتی ہے۔ روزگار اور آمدنی کی سطح بھی پست ہو جاتی ہے اس دور کو بدحالی کہتے ہیں۔

In the era of trade cycle the economic activities are extremely slow. It decreases the production of goods and services. The level of employment and income is also decreased. This era is called depression.

**Define the Balance of payment.** (vi) توازن ادائیگی کی تعریف کیجیے۔

جواب: کسی ملک کی ایک سال کے عرصے میں ہونے والی تمام مرئی و غیر مرئی برآمدات اور تمام مرئی و غیر مرئی درآمدات کا حساب کتاب توازن ادائیگی کہلاتا ہے۔

A country's balance of payments accounts for all tangible and intangible exports and all tangible and intangible imports in a year are called balance payment.

**Explain the Concept of Foreign Market.** (vii) بیرون ملک منڈی کے تصور کی وضاحت کیجیے۔

جواب: بیرون ملک منڈی سے مراد ایسی منڈی ہے جہاں اپنے ملک سے باہر کے ممالک میں بین الاقوامی سطح پر تجارت کی جاتی ہو۔

Foreign market means a place where trade is done on international level between foreign countries.

**What is meant by Direct Tax?** (viii) براہ راست ٹیکس سے کیا مراد ہے؟

جواب: ایسا ٹیکس جو جس پر لاگو ہو وہی ادا کرتا ہے آگے منتقل نہیں کر سکتا براہ راست یا بلاواسطہ ٹیکس کہلاتا ہے۔ مثلاً انکم ٹیکس۔

A tax which pays the same on whom it is applicable and cannot be carried forward is called a direct tax. For example, income tax

**Describe the Concept of Zakat.** (ix) زکوٰۃ کا مفہوم بیان کریں۔

جواب: زکوٰۃ سے مراد ایک صاحب نصاب مسلمان کے ذمہ وہ لازم واجبات ہیں جو وہ مذہبی فریضے کے طور پر اپنے مال میں سے مقرر کردہ شرح کے مطابق مستحقین کو اسلامی حکومت کی وساطت سے یا براہ راست ادا کرتا ہے۔

Zakat refers to the obligatory obligations of a Muslim which he pays out of his wealth as a religious duty at a fixed rate to the beneficiaries through the intermediary of the Islamic government or directly.

**(24 = 8 × 3)** **( Part II ) حصہ دوم**

سوال 5: قانونِ طلب بیان کریں۔ اس کی گوشوارہ اور ڈائیگرام کی مدد سے وضاحت کیجیے۔ 8

**Describe the Law Demand. Also explain it with the help of table and diagram.**

سوال 6: قانونِ تکثیر حاصل کی وضاحت بذریعہ گوشوارہ ڈائیگرام کیجیے۔ 8

**Explain law of Increasing Return with the help of schedul and diargam.**

سوال 7: زمین کی مختلف خصوصیات بیان کریں۔ 8

**Explain the different Characteristics of Land.**

سوال 8: قومی آمدنی کے مختلف تصورات کی وضاحت کیجیے۔ 8

**Explain the different concept of national income.**

سوال 9: زکوٰۃ اور ٹیکس میں فرق واضح کیجیے۔ 8

**Explain various principles of taxation in an economy.**

CS CamScanner